© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

نام کتاب : روح الامین کی معیت میں کاروانِ نبوت (حصہ دوم)

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر تسنیم احمد

ضخامت:256 صفحات قیمت: [برائے اشاعت مزید] 250 روپے

ملنے کے پتے : (۱) کتاب سرائے‘ اردو بازار‘ لاہور (۲) فضلی سنز‘ اردو بازار کراچی

زمانی ترتیب کے ساتھ سیرت النبی ﷺ کے واقعات قلمبند کرنے کی یہ قابل قدر کوشش ہے۔ مصنف کا ارادہ ہے کہ اس طرح کتاب اندازاً دس حصوں پر مشتمل ہوگی۔ کتاب کا پہلا حصہ طبع ہو چکا ہے‘ جو قبل بعثت سے نبوت کے تیسرے سال کے واقعات پر مشتمل ہے۔ دوسرا حصہ نبوت کے چوتھے سال اور پانچویں سال کے نصف اول کے واقعات پر مشتمل ہے۔ ڈاکٹر تسنیم کو اللہ تعالیٰ نے تحقیقی ذہن، فکر رسا اور محبت رسول ﷺ کے جذبات سے نوازا ہے۔ جب یہ کتاب مکمل ہو جائے گی تو یہ ایک ریفرنس بک ہوگی جس میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے واقعات شروع سے آخر تک اس انداز میں ملیں گے کہ قرآن کی کون سی آیات کس سال میں کن حالات میں نازل ہوئیں۔ اس سے قرآن مجید کے سمجھنے میں آسانی ہو جائے گی۔

کتاب کا پہلا حصہ آٹھ ابواب پر مشتمل تھا۔ یہ دوسرا حصہ نویں باب سے شروع ہوتا ہے اور اکتیسوں باب پر ختم ہوتا ہے۔ کتاب کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ چوتھے اور پانچویں سال رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے والوں کے نام ترتیب زمانی کے ساتھ بتائے گئے ہیں کہ کون کن حالات میں اور کس سال مشرف بہ اسلام ہوا۔ نیز قرآنی آیات تنزیل میں کون سی پہلے اور کون سی بعد میں ہیں۔ سیرت کے واقعات پوری صحت کے ساتھ لکھے گئے ہیں‘ جن سے رسالت مآب ﷺ کے ساتھ مصنف کی عقیدت اور محبت عیاں ہے۔ نبوت کے چوتھے اور پانچویں سال کے دوران آپ ﷺ پر ایمان لانے والے جاں نثاران کا ذکر ہے اور اُن پر کفار مکہ کے ظلم وستم اور شدائد کو بھی بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کے صفحات میں اہم ترین پیراگراف کو Shade کے ساتھ نمایاں کیا گیا ہے۔

کتاب بڑی معلومات افزاء اور حب رسول ﷺ کی آئینہ دار ہے۔ کتاب کے آخر میں دس صفحات پر مشتمل تفصیلی اشاریہ دیا گیا ہے۔ کتابیات کی فہرست میں سولہ کتب کے نام دیے گئے ہیں جن میں ہر ایک کی عظمت مسلم ہے۔



© rasailojaraid.com